ماڈیول ۱۱

حدیث نمبر16

غصہ ممنوع ہے

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے کہا: ''مجھے وصیت کیجیے۔'' نبی ﷺ نے فرمایا: ''غصہ نہ کرو۔'' اس شخص نے کئی بار یہی سوال دہرایا، اور ہر بار نبی ﷺ نے یہی جواب دیا: ''غصہ نہ کرو۔''

اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ غصہ انسانی فطرت کا حصہ ہے، لیکن ناحق یا دنیاوی مقصد کے لیے غصہ کرنا اسلام میں حرام ہے۔ غصہ انسانی رشتے بگاڑتا ہے اور برائیوں کا سبب بنتا ہے، جیسے ظلم، فساد اور قتل۔

نبی ﷺ نے فرمایا کہ اصل پہلوان وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے۔ قرآن میں اللہ نے فرمایا:

''جو لوگ غصہ پینے والے، اور درگزر کرنے والے ہیں، اللہ ان نیک روحوں سے محبت کرتا ہے۔''

جو لوگ غصے پر قابو رکھتے ہیں اور دوسروں کو معاف کرتے ہیں، ان کے لیے جنت اور مغفرت ہے۔ غصہ شیطانی عمل ہے، اس لیے جب غصہ آئے تو تعوذ پڑھیں اور اپنی حالت تبدیل کریں، جیسے کھڑے ہیں تو بیٹھ جائیں یا لیٹ جائیں۔

حدیث نمبر17

معاملات میں احسان کی تلقین

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

''اللہ نے ہر چیز میں احسان کو واجب قرار دیا ہے۔ جب قتل کرو تو اچھے طریقے سے کرو، اور جب ذبح کرو تو اچھے طریقے سے کرو۔ اپنے آلے کو تیز کرو اور جانور کو تکلیف نہ دو۔''

اس حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے انسانوں اور جانوروں کے حقوق کا بیان کیا ہے۔ قتل یا ذبح کرتے وقت نرمی اور انسانیت کا خیال رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ شریعت نے قتل اور ذبح کے طریقے کو واضح کیا ہے۔ ذبح کے وقت یہ ضروری ہے کہ چھری تیز ہو، جانور کو زیادہ

تکلیف نہ ہو، اور ذبح کرنے والا اتنی طاقت رکھتا ہو کہ آرام سے ذبح کر سکے۔ نیز، جانور کو دوسرے جانوروں کے سامنے ذبح نہ کیا جائے۔ اسلام صرف انسانوں کے لیے نہیں بلکہ جانوروں کے حقوق کا بھی تحفظ کرتا ہے اور ہر معاملے میں احسان اور اچھے سلوک کا حکم دیتا ہے۔

حدیث نمبر 18

اخلاقِ حسنہ کا حکم

ابوذر اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اللہ سے ڈرو جہاں بھی ہو۔ بری بات کے بعد اچھی بات کرو، وہ اسے مٹا دے گی، اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔"

اس حدیث میں نبی ﷺ نے تین اہم باتیں بیان کی ہیں۔

پہلی بات ہے تقویٰ، یعنی اللہ کا ڈر ہر جگہ اور ہر وقت دل میں رکھنا۔ جب بندہ سمجھتا ہے کہ اللہ ہر وقت اسے دیکھ رہا ہے، تو وہ گناہوں سے دور رہتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ برائی کے بعد نیکی کریں، کیونکہ اللہ برائیوں کو نیکیوں کے ذریعے مٹا دیتا ہے۔ اگر غلطی ہو جائے تو فوراً توبہ کریں اور اللہ کے سامنے معافی طلب کریں۔

ایک آدمی نے نبی ﷺ کے پاس اپنے گناہ کا اقرار کیا، اور نبی ﷺ نے اسے فجر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھنے پر تسلی دی، اور کہا کہ نیکی گناہ مٹا دیتی ہے۔ آپ ﷺ نے سمجھایا کہ یہ سب کے لیے ہے کہ گناہ کے بعد فوراً نیکی کریں، جیسے نماز، صدقہ، یا روزہ، کیونکہ اللہ نیکی کے ذریعے گناہ معاف کرتا ہے۔ گناہ کے بعد نیکی کی توفیق ملے، تو سمجھ لو کہ اللہ راضی ہے۔

تیسری بات ہے لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آنا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "ترازو میں سب سے بھاری عمل اچھے اخلاق ہیں۔" اچھے اخلاق انسان کو لوگوں کے دل میں عزت دلاتے ہیں اور اللہ کے قریب کرتے ہیں۔ لوگوں کو معاف کرنا، ان کی غلطیاں نظر انداز کرنا، اور اپنے جذبات پر قابو رکھنا ایک مومن کی اصل شناخت ہے۔ اچھے اخلاق سے انسان وہ رتبہ حاصل کر سکتا ہے جو کسی عبادت سے ملتا ہے۔

Hadith Number 16

Ghussa Mamnoo hai

Abu Hurairah رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke ek shakhs ne Rasool Allah ﷺ se kaha: “Mujhe wasiyat kijiye.” Nabi ﷺ ne farmaya: “Ghussa na karo” Us shakhs ne kai baar yeh sawal dohraya, aur har baar Nabi ﷺ ne yahi jawab diya: “Ghussa na karo”.

Is hadith se pata chalta hai ke Ghussa insani fitrat ka hissa hai, lekin na-haq ya duniyaavi maqsad ke liye Ghussa karna Islam mein haram hai. Ghussa insani rishte bigadta hai aur buraiyon ka sabab banta hai, jaise zulm, fasad aur qatal.

Nabi ﷺ ne farmaya ke asal pehlwan woh hai jo gusse ke waqt apne nafs par qaboo rakhe. Quran mein Allah ne farmaya: “Jo log Ghussa peney walay,aur darguzar karne wale hain,Allah un naik ruho se muhabbat karta hai.”

Jo log gusse par qaboo rakhte hain aur dusron ko maaf karte hain, un ke liye jannat aur maghfirat hai. Ghussa shaitani amal hai, isliye jab Ghussa aaye to taooz padhein aur apni halat tabdeel karein, jaise kharay hain tu baith jayein ya leit jayein.

Hadith Number 17

Maamlaat Mein Ihsaan Ki Talqeen

Hazrat Shaddad bin Aus رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya: “Allah ne har cheez mein ihsaan ko wajib qarar diya hai. Jab qatal karo to ache tareeqe se karo, aur jab ziba karo to ache tareeqe se karo. Apne aala e ziba ko tez karo aur janwar ko takleef na do.”

Is hadith mein Rasool Allah ﷺ ne insano aur janwaron ke huqooq ka bayan kiya hai. Qatal ya ziba karte waqt narmi aur insaniyat ka khayal rakhne ka hukm diya gaya hai. Shari’at ne qatal aur ziba ke tareeqe ko wazeh kiya hai. Ziba ke waqt ye zaroori hai ke chaaku tez ho, janwar ko zyada takleef na ho, jo zeba kar raha hai us me itni taqat ho kay aram se ziba kar sakey aur usay dusre janwaron ke samne ziba na kiya jaye. Islam sirf insano ke liye nahi, janwaron ke huqooq ka bhi tahaffuz karta hai, aur har maamle mein ihsaan aur achhe sulook ka hukm deta hai.

Hadith Number 18

Akhlaq-e-Hasanah Ka Hukm

Abu Dharr aur Ma'az bin Jabal رضی اللہ عنہما se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya: "Allah se daro jahan bhi ho. Buri baat ke baad achhi baat karo, woh use mita degi, aur logon ke sath ache akhlaq se pesh aao."

Is hadith mein Nabi ﷺ ne teen aham baatein bayan ki hain.

Pehli baat hai taqwa, yani Allah ka dar har jagah aur har waqt dil mein rakhna. Jab banda samajhta hai ke Allah har waqt usay dekh raha hai, to woh gunaahon se door rehta hai.

Doosri baat yeh hai ke burai ke baad naiki karein, kyunke Allah buraiyon ko naikiyon ke zariye mita deta hai. Agar ghalti ho jaye to foran toubah karein aur Allah ke samne maafi talab karein.Ek aadmi ne Nabi ﷺ ke paas apne gunah ka iqrar kiya, aur Nabi ﷺ ne usay fajr ki namaz jamaat ke saath padhne par tasalli di,aur kaha kay ke naiki gunah mita deti hai. Aap ﷺ ne samjhaya ke yeh sab ke liye hai kay gunah ke baad foran naiki karo, jaise namaz, sadqa, ya roze, kyunki Allah naiki ke zariye gunah maaf karta hai. Gunah ke baad naiki ki tawfiq mile, to samajh lo ke Allah raazi hai.

Teesri baat hai logon ke sath ache akhlaq se pesh aana. Nabi ﷺ ne farmaya: "Taraazu mein sabse bhaari amal ache akhlaq hain." Achhe akhlaq insaan ko logon ke dil mein izzat dilate hain aur Allah ke qareeb karte hain. Logon ko maaf karna, unki ghaltiyan nazar-andaz karna aur apne jazbat par qaboo rakhna ek mo'min ka asal shanakht hai. Achhe akhlaq se insan woh rutba hasil kar sakta hai jo kisi ibadat se milta hai.